تھے آپ بہت ہی ملنسار اور اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے ہمیشہ مسکراتے رہتے تھے۔ ایک عرصہ سے آپ بلڈ پریشر اور امراض گردہ میں مبتلا تھے۔ اکثر اسکا علاج جاری رکھتے تھے بلڈ پریشر کی وجہ سے آپ کی دماغی شریان پھٹ گی اور بے ہوشی میں ہی اللہ کو پیارے ہوگئے۔ آپ کی وفات سے جامعہ سلفیہ ایک قابل مدرس سے محروم ہوا ہے جسکی تلافی ممکن نہیں ہے آپ کی تدریسی خدمات قابل قدر ہیں اور بے شمار آپ کے شاگرد ہیں جو یقیناً آپ کے لئے صدقہ جاریہ ہیں دعا ہے اللہ کریم آپ کو اعلیٰ علیین میں بلند درجہ عنایت فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

حضرت مولانا قاری عبدالرحیم لودھراں والے کا سانحہ ارتحال: یہ بات بڑے دکھ اور افسوس کے ساتھ سنی گئی۔ کہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے سابق مدرس جناب مولانا قاری عبدالرحیم صاحب مورخہ ۲۹ مئی بروز منگل انتقال فرماگئے۔ "انا للہ وانا الیہ راجعون" آپ کا تعلق لودھراں سے تھا اور فیصل آباد میں ایک خطیب کی حیثیت میں تشریف لائے چونکہ آپ میں تدریسی ذوق بدرجہ اتم موجود تھا لہٰذا جامعہ سلفیہ میں بطور مدرس بھی متعین ہوئے آپ جماعت اہل حدیث کے مایہ ناز عالم دین حضرت مولانا سلطان محمود حفظہ اللہ کے خصوصی شاگردوں میں سے ہیں لہٰذا تدریس کا بہترین ملکہ بھی ان سے ملا یہی وجہ تھی کہ آپ نحو وصرف کی تدریس میں ید طولیٰ رکھتے تھے اور جامعہ کے اکثر طلبہ کی خواہش ہوتی کہ وہ انہیں نحو وصرف پڑھائیں ان کا اسلوب تدریس بہت ہی شاندار ہوتا تھا انتہائی زیادہ شیریں گفتگو فرماتے' ہر بڑے چھوٹے سے پرتپاک انداز میں پیش آتے۔ اور اپنے اعلیٰ اخلاق کی بدولت دل میں اتر جاتے۔ آپ کا شمار عالم باعمل میں سے ہوتا ہے آپ انتہائی خشوع وخضوع کے ساتھ عبادت الٰہی میں مشغول رہتے۔ آپ کی وفات سے ہم یقیناً ایک مشفق اور قابل ترین استاذ سے محروم ہوئے ہیں اور جماعت میں بہت بڑا خلا پیدا ہوا ہے لاتعداد شاگرد آپ کے لئے صدقہ جاریہ ہیں دعا ہے اللہ تعالیٰ ومرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے

جناب حاجی رحمت اللہ صاحب رضا آباد والے کی رحلت:۔ مورخہ ۷